# 28-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ہدایت دی ہے کہ ریاست بھر میں آنگن واڑی مراکز کیلئے ذاتی عمارتوں کی تعمیر کیلئے ضروری منصوبہ بنایا جائے۔

۲۔ وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے کہا ہے کہ ان کی حکومت خواتین کی حفاظت اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے ایک پالیسی بنائے گی جس کا خواب بابائے قوم گاندھی جی نے دیکھا۔

۳۔ بھدراچلم میں گورنر نے آئی ٹی ڈی اے کے زیر اہتمام نئے مارٹ کا افتتاح کیا۔

اور

۴۔ ریاستی حکومت نے باوقار موسی ندی کی بحالی کے پراجکٹ کی منصوبہ بندی، تال میل اور عمل آوری کی نگرانی کے لئے تین وزرا پر مشتمل کابینی ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کے احکام جاری کئے ہیں۔

KAMAREDDY-COLLECTOR

کاماریڈی ضلع کے مدنور منڈل میں ضلع پریشد ہائی اسکول میں دسویں جماعت کے امتحانی مرکز کا کاماریڈی کلکٹر آشیش سانگوان نے اچانک معائنہ کیا۔ امتحانی مرکز کے قیام میں منعقدہ طبی کیمپ کا بھی انہوں نے معائنہ کیا۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ طلبہ کی صحت، سیکوریٹی کیلئے طبی عملہ کے ساتھ ضروری دوائیں بھی فراہم کی جائیں۔

SIRSILLA-BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت وی بی جی رام جی اسکیم کو مناسب طریقہ سے نافذ نہیں کررہی ہے جسے مرکزی حکومت نے مزدوروں کو ماہانہ دن کام فراہم کرنے کے مقصد سے شروع کیا تھا۔ انہوں نے کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ مزدوروں کو کام

کے دنوں کی متوقع تعداد فراہم کرنے میں نا کام رہی ۔انہوں نے آج راجنا سرسلہ ضلع کے انکی ریڈی پلی گاوں میں سی سی روڈس کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع سرسلہ میں 92 ہزار جاب کارڈس میں سے اوسطاً صرف 50 دنوں میں کام فراہم کیا جارہا ہے۔

BHADRACHALAM

بھدراچلم مندر میں لارڈ رام کی تاج پوشی کی تقریب بڑے پیمانہ پر منائی گئی۔ریاستی گورنر راجیو پرتاب شکلا نے اس میں شرکت کی اور موتی کو ریشمی لباس پیش کیا۔بعدازاں گورنر نے آئی ٹی ڈی اے کے زیراہتمام نئے قائم شدہ مارٹ کا افتتاح کیا۔تقریب میں شریک ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراو نے کہا کہ بھدراچلم مندر کی ترقی بھکتوں کی خواہش ہے۔انہوں نے کہا کہ مندر کے ترقیاتی کاموں کے لئے 350 کروڑروپئے کی لاگت سے سنگ بیناد کی تقریب منعقد کی گئی۔انہوں نے واضح کیا کہ حکومت مندر کو ہر لحاظ سے ترقی کی راہ پر لے جانے کیلئے پُرعزم ہے۔

Sound Byte

JOGULAMBA-SCHOOL EDUCATION

جوگولامبا گدوال ضلع میں پرائمری سطح کے طلبہ کیلئے ہائی اسکول کے ماحول کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے ''ٹوئینگ آف اسکولس'' پروگرام شروع کیا گیا ہے۔اس اسکیم کے حصہ کے طور پر اندراواسی ،ننڈی اورارا گیڈا جیسے دس اسکولس کا انتخاب کیا گیا ہے۔

NIRMAL-AWARDS

نرمل ضلع میں خواتین اورطالبات کی حفاظت کیلئے متعارف کروائے گئے اختراعی پروگرام پولیس اکا کو قومی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔اس پروگرام کے شاندارنتائج کے لئے باوقاراسکوچ ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ضلع ایس پی جانکی شرمیلا نے آج یہ ایوارڈ دہلی میں حاصل کیا۔

MEDAK-GRAIN

ضلع کلکٹر پر تیما سنگھ نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ یکم اپریل سے ضلع میدک میں یاسنگی دھان کی خریداری شروع کریں۔ ضلع نے 413 خریداری کے مراکز کے ذریعہ 4.45 لاکھ میٹرک ٹن دھان حاصل کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ درمیانی افراد کے دھوکہ میں نہ آئیں۔

JOGULAMBA-CROP SURVEY

جوگولامبا گدوال ضلع میں فصل کے سروے، ڈیجیٹل کراپ سروے کا عمل گذشتہ 20 دنوں سے تیزی سے جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ اگری کلچر آفیسر ویرپا نے کسانوں سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے کھیتوں میں دستیاب رہیں اور آدھار نمبر و فصل کی تفصیلات فراہم کرتے ہوئے تعاون کریں۔

KISHAN REDDY TOUR

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آج بیگم پیٹ ڈیویژن میں بھگونت پور آنگن واڑی سنٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ سکندرآباد پارلیمانی حلقہ میں آنگن واڑی مراکز کی ترقی اور بہتر سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی ٹیچرس، ہیلپرس، ہیلتھ اسٹاف، نیوٹریشن ڈیولپمنٹ پروگرام نافذ کئے جارہے ہیں اور صحت کی خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ بچوں کے والدین کے لئے بیداری پروگرام منعقد کئے جائیں اور بچوں کو آنگن واڑی مراکز میں آنے کی ترغیب دی جائے۔

MUSI-CM

وزیر اعلی ریونت ریڈی نے واضح کیا ہے کہ شہر حیدرآباد کو آنے والی نسلوں کیلئے آلودگی سے پاک بنانے کے مقصد سے تمام رکاوٹوں کے باوجود موسی ندی کی صفائی کا کام مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے

کہا کہ ندی میں مسلسل پانی کی روانی برقرار رکھنے کیلئے دریائے گوداوری سے 20 ٹی ایم سی پانی منتقل کیا جارہا ہے۔اس پراجکٹ کے تحت منچی ریولہ کے حدود میں واقع تاریخی ویرابھدرا سوامی مندر کے احاطہ میں مندروں کی ازسرنو تعمیر کیلئے وزیراعلی نے نائب وزیراعلی ملو بھٹی وکرامارکا کے ہمراہ سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے بتایا کہ تقریباً 1400 سال قدیم اس تاریخی مقام کو 18 ایکڑ رقبہ پر 700 کروڑ روپئے کی لاگت سے رامپا مندر کے طرز پر ترقی دی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ موسی ندی کے اطراف کے علاقہ کو روحانیت اور ثقافتی روایات کے حسین امتزاج کے ساتھ ایک شاندار سیاحتی مرکز میں تبدیل کیا جائے گا۔

Sound Byte

AI-CM

وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت اگرچہ کہ انسانی تاریخ میں ایک عظیم اختراع ہے تاہم یہ دودھاری تلوار کی طرح ہے۔اگر کوئی مناسب کنٹرول نہیں ہے تو اس کے منفی اثرات پڑنے کا امکان ہے۔انہوں نے امریکہ میں ہارورڈ یونیورسٹی کے کینیڈی اسکول کے زیراہتمام ہارورڈ یونیورسٹی کیمپس میں گذشتہ روز منعقدہ پہلے آئی اے سمپوزیم میں تلنگانہ کی طرف سے ورچول طریقہ سے شرکت کی۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ اگرچہ کہ نئی ٹکنالوجیز پر خوف فطری ہے تاہم اے آئی کے معاملہ میں صورتحال مختلف ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم اے آئی کی طرف سے دنیا کو درپیش چیلنجس کے جواب میں تلنگانہ۔رائزنگ حکمت عملی کو نافذ کررہے ہیں۔

SUB COMMITTE ON MUSI RIVER

ریاستی حکومت نے باوقار موسی ندی کی بحالی کے پراجکٹ کی منصوبہ بندی،تال میل اور عمل آوری کی نگرانی کے لئے تین وزرا پر مشتمل کابینی ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کے احکام جاری کئے ہیں۔نائب

وزیراعلی ملوبھٹی وکرامارکا اس ذیلی کمیٹی کے صدرنشین ہوں گے۔ارکان میں وزیرصنعتیں سریدھربابو،وزیربی سی ویلفیر پونم پربھاکر اورموسی ریورڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائرکٹراس کمیٹی کے کنوینر کےطور پرکام کریں گے۔

Assembly - Seethakka

وزیرپنچایت راج سیتااکا نے کہا ہے کہ ان کی حکومت خواتین کی حفاظت اورانہیں بااختیار بنانے کیلئے ایک پالیسی بنائے گی جس کا خواب بابائے قوم گاندھی جی نے دیکھا۔آج اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خواتین کو بلاتفریق آزادی سے کام کرنے اوران کے وقار میں اضافہ کویقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے اعلان کیا کہ آنگن واڑی مراکزکومزید مستحکم بنانے کے مقصد سے آئندہ دنوں پندرہ ہزارآنگن واڑی کی ملازمتوں کوپرکرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ماؤں کی سہولت کیلئے ریاست بھرمیں دودھ پلانے کے مراکزقائم کئے جائیں گے۔ انہوں نے اعتراض کیا کہ اپوزیشن کا یہ کہنا درست نہیں کہ فنڈس خواتین کی فلاح وبہبود کیلئے خرچ نہیں ہورہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ دیہی علاقوں کی ترقی کیلئے 17ہزار 229 کروڑروپےخرچ کئے گئےاور2ہزار199 کروڑروپے کےایک لاکھ کام شروع کئے گئے ہیں۔

Sound Byte

CM - Anganwadi

چیف منسٹرریونت ریڈی نے ہدایت دی ہے کہ ریاست بھرمیں آنگن واڑی مراکزکیلئے ذاتی عمارتوں کی تعمیرکیلئے ضروری منصوبہ بنایاجائے۔انہوں نے کہا کہ اس بات کویقینی بنانے کیلئے کارروائی کی جانی چاہئے کہ ریاست میں تمام آنگن واڑی مراکز آئندہ تین برسوں میں کرایہ کی عمارتوں کے بجائے اپنی ذاتی عمارتوں میں کام کریں۔انہوں نے اسمبلی کے میٹنگ ہال میں منعقدہ ایک پروگرام

میں آنگن واڑی کے بچوں کیلئے غذائی اسکیم کا افتتاح کیا۔اس موقع پر آنگن واڑی اساتذہ میں موبائل فون بھی تقسیم کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کا مقصد بچوں کو معیاری اور متوازن غذا فراہم کرنا ہے تاکہ ان کی صحت اور نشو ونما پر خصوصی توجہ دی جا سکے۔

OO